# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو نثر کے اسالیب (9019) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1-　کسی بھی تحریر کا اسلوب مصنف کی شخصیت کا آئینہ دار ہوتا ہے بحث کیجیے۔ (20)

سوال 2-　سب رس کی اہمیت اس کے اسلوب کی وجہ سے ہے نہ کہ قصہ کی وجہ سے۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 3-　غالب کی نثر بھی زندہ ہے اور اس کا اسلوب بھی۔ بحث کیجئے۔ (20)

سوال 4-　سر سید کے مضامین اردو میں ایک مستقل اضافے کی حیثیت رکھتے ہیں۔تائید یا تردید کیجئے۔ (20)

سوال 5-　علامہ شبلی اردو کے مایہ ناز سیرت نگار ہیں۔سیرت النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلّم کے حوالے سے بحث کیجئے۔ (20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1-　حالی کے مزاج کا انکسار اور دھیما پن ان کے اسلوب کی بنیاد ہے۔اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ (20)

سوال 2-　مولانا محمد حسین آزاد کی نثر میں شعریت نمایاں ہے نیز تمثیل اور مرقع بھی ان کے اسلوب کے نمایاں اوصاف ہیں۔تبصرہ کیجیے۔
(20)

سوال 3-　غبار خاطر کے بارے میں ایک خیال یہ ہے کہ اس میں مکتوب نگاری کم اور عالمانہ وخطیبانہ رنگ زیادہ ہے۔آپ کا کیا خیال ہے؟
(20)

سوال 4-　آواز دوست کے حوالے سے مختار مسعود کے اسلوب کے نمایاں خدوخال کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال 5-　غالب کے شامل نصاب پہلے مکتوب کو بغور پڑھیں اور اس کی شرح اپنے الفاظ میں کیجیے۔ (20)